28 ستمبر 2023ء

## 30 ستمبر 2023ء کو سرکاری وصولیوں / ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی وصولی کے لیے برانچیں کھلی رہیں گی

ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی ادائیگی میں سہولت دینے کی غرض سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی درخواست پر فیصلہ کیا گیا ہے کہ **بینکوں کی وہ تمام برانچیں جو ہفتے کو کھلی رہتی ہیں**، وہ اے ڈی سی کی اوور دی کاؤنٹر سہولت (او ٹی سی) کے ذریعے حکومتی ٹیکسوں کی وصولی میں سہولت دینے کی غرض سے **30 ستمبر 2023ء بروز ہفتہ کو توسیع شدہ بینکاری اوقات میں شام 5 بجے تک** کھلی رہیں گی۔

مزید بر آں، **میسرز نفٹ (NIFT)** مجاز برانچوں میں ٹیکسوں کی وصولی کے لیے جمع شدہ ادائیگی کے تمسکات (instruments) **کی اسی دن کلیئرنگ / سیٹلمنٹ یقینی بنانے کے لیے** ہفتہ **30 ستمبر 2023ء کو شام 5 بجے خصوصی کلیئرنگ کا اہتمام کرے گا۔** لہٰذا، تمام بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی کلیئرنگ سے متعلق برانچوں کو اس وقت تک کھلا رکھیں گے، جو 30 ستمبر 2023ء کو نفٹ کی جانب سے خصوصی کلیئرنگ میں سہولت دینے کے لیے ضروری ہے۔

*****